مِنْ شَهْ رِ رَ مَ ضَاْنْ دْ

## روزہ کھولنے کی نیت۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ لَکَ

اَلْ لَاْ هُمْ مَ اِنْ نِیْ لَ کَ

صُمْتُ وَبِکَ اٰمَنْتُ وَعَلَیْکَ

صُمْ تُ وَ بِ کَ اٰ مَنْ تُ وَ عَ لَیْ کَ

تَوَکَّلْتُ وَعَلٰی رِزْقِکَ اَفْطَرْتُ ط

تَ وَ کَّلْ تُ وَ عَ لٰی رِ زْ قِ کَ اَ فْ طَرْ تُ ط



Click
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



# تسبیح تراویح

سُبْحَانَ ذِی الْمُلْكِ وَ

سُبْ حَانَ ذِلْ مُلْ كِ وَلْ

الْمَلَكُوْتِ ط سُبْحَانَ ذِی الْعِزَّةِ

مَ لَ كُوْ تِ ط سُبْ حَانَ ذِلْ عِزْ زَ ةِ

وَالْعَظَمَةِ وَالْهَيْبَةِ وَالْقُدْرَةِ

وَلْ عَظْ مَ ةِ وَلْ هَيْ بَ ةِ وَلْ قُدْ رَ ةِ

وَالْكِبْرِيَاءِ وَالْجَبَرُوْتِ ط

وَلْ كِبْ رِ يَآ ءِ وَلْ جَ بَ رُوْ تِ ط

سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْحَيِّ الَّذِیْ

سُبْ حَا نَلْ مَ لِ كِلْ حَيْ يِلْ لَ ذِیْ



Click
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



لَا يَنَامُ وَلَا يَمُوْتُ ط سُبُّوْحٌ

لَا يَ نَا مُ وَ لَا يَ مُوْ تُ ط سُبْ بُوْ حٌ

قُدُّوْسٌ رَبُّنَا وَرَبُّ الْمَلٰٓئِكَةِ

قُدْ دُوْ سُنْ رَبْ بُ نَا وَرَبْ بُلْ مَ لَا ءِ كَ ةِ

وَالرُّوْحِ ط اَللّٰهُمَّ اَجِرْنَا مِنَ النَّارِ ط

وَرْ رُوْ حِ ط اَلْ لَا هُمْ مَ اَ جِرْ نَا مِ نَنْ نَا رِ ط

يَا مُجِيْرُ يَا مُجِيْرُ يَا مُجِيْرُ ط ۵

يَا مُ جِىْ رُ يَا مُ جِىْ رُ يَا مُ جِىْ رُ ط ۵

درود بر سیدِ عالم صلوٰۃ بر محمّد



Click
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



# آیۃ الکرسی

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَیُّ

اَ لّ لٰ ہُ لَآ اِلٰ ہَ اِلّ لَا ھُوَ ج اَلْ حَیّ یُلْ

الْقَیُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ؕ

قَیْ یُوْ مُ ج ۵ لَا تَا خُ ذُ ہٗ سِ نَ تُنْ وَّ لَا نَوْ مُ ط

لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ؕ

لَ ہٗ مَا فِسْ سَ مٰ وٰ تِ وَ مَا فِلْ اَرْ ضِ ط

مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗۤ اِلَّا

مَنْ ذَلْ لَ ذِیْ یَشْ فَ عُ عِنْ دَ ہٗۤ اِلْ لَا

بِاِذْنِهٖ ؕ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَ

بِ اِذْ نِہٖ ط یَعْ لَ مُ مَا بَیْ نَ اَیْ دِیْ ھِمْ وَ

مَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ

مَا خَلْ فَ ھُمْ ج وَ لَا یُ حِیْ طُوْ نَ بِ شَیْ ءِمْ

رِجَالٌ لَّا تُلْهِیْهِمْ تِجَارَةٌ وَّلَا بَیْعٌ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَاِقَامِ الصَّلٰوةِ وَاِیْتَآءِ الزَّكٰوةِ یَخَافُوْنَ یَوْمًا تَتَقَلَّبُ فِیْهِ الْقُلُوْبُ وَالْاَبْصَارُ

حٰفِظُوْا عَلَی الصَّلَوٰتِ وَالصَّلٰوةِ الْوُسْطٰی وَقُوْمُوْا لِلّٰهِ قٰنِتِیْنَ ۝ قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝ الَّذِیْنَ هُمْ فِیْ صَلَاتِهِمْ خٰشِعُوْنَ ۝ اِنَّ الصَّلٰوةَ تَنْهٰی عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ



Click
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ

مِنْ عِلْ مِ هٖ اِلْ لَا بِ مَا شَآءْ ج وَ سِ عَ

كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَ

كُرْ سِيْ يُ هُسْ سَ مٰ وٰ تِ وَلْ اَرْ ضَ ج وَ

لَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ

لَا يَ ءُوْ دُهٗ حِفْ ظُ هُ مَا ج وَ هُ وَلْ

الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ○

عَ لِيْ يُلْ عَ ظِيْ مُ ○

# نماز جنازہ

اَللّٰهُ اَكْبَرُ ط سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَ

اَلْ لَا هُ اَكْ بَرُ ط سُبْ حَا نَ كَلْ لَا هُمْ مَ وَ







Click
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



رِجَالٌ لَّا تُلْهِيْهِمْ تِجَارَةٌ وَّلَا بَيْعٌ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَاِقَامِ الصَّلٰوةِ وَاِيْتَآءِ الزَّكٰوةِ يَخَافُوْنَ يَوْمًا تَتَقَلَّبُ فِيْهِ الْقُلُوْبُ وَالْاَبْصَارُ

حٰفِظُوْا عَلَى الصَّلَوٰتِ وَالصَّلٰوةِ الْوُسْطٰى وَقُوْمُوْا لِلّٰهِ قٰنِتِيْنَ ○ قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ ○ الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ صَلَاتِهِمْ خٰشِعُوْنَ ○ اِنَّ الصَّلٰوةَ تَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ

# بِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَ

بِ حَمْ دِ كَ   وَ تَ بَا رَ كَسْ مُ كَ وَ

# تَعَالٰى جَدُّكَ وَجَلَّ ثَنَآؤُكَ

تَ عَا لٰ   جَدْ دُ كَ   وَ جَلْ لَ   ثَ نَا ءُ كَ

# وَلَآ اِلٰهَ غَيْرُكَ ط اَللّٰهُ اَكْبَرُ ط اَللّٰهُمَّ

وَ لَآ اِ لٰ هَ   غَيْ رُ كَ ط   اَلْ لَا هُ   اَكْ بَرْ ط   اَلْ لَا هُمْ مَ

# صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ

صَلْ لِ   عَ لٰ   مُ حَمْ مَ دِنْ   وَ عَ لٰٓ   اٰ لِ

# مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ وَسَلَّمْتَ وَ

مُ حَمْ مَ دِ   كَ مَا   صَلْ لَيْ تَ   وَ سَلْ لَمْ تَ   وَ

# بَارَكْتَ وَرَحِمْتَ وَتَرَحَّمْتَ عَلٰٓى

بَا رَكْ تَ   وَ رَ حِمْ تَ   وَ تَ رَحْ حَمْ تَ   عَ لٰٓ



Click
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

اِبْرٰھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرٰھِیْمَ اِنَّکَ

اِبْ رٰ ھِیْ مَ وَ عَ لٰٓ اٰلِ اِبْ رٰ ھِیْ مَ اِنْ نَ کَ

حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط اَللّٰہُ اَکْبَرُ ط

حَ مِیْ دُمْ مَ جِیْ دٌ ط اَلْ لَا ہُ اَکْ بَرُ ط

بالغ کے لئے یہ دُعا پڑھیں

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِحَیِّنَا وَ

اَلْ لَا ھُمْ مَغْ فِرْ لِ حَیْ یِ نَا وَ

مَیِّتِنَا وَشَاھِدِنَا وَغَآئِبِنَا وَصَغِیْرِنَا

مَیْ یِ تِ نَا وَ شَا ھِ دِ نَا وَ غَآ ءِ بِ نَا وَ صَ غِیْ رِ نَا

وَکَبِیْرِنَا وَذَکَرِنَا وَاُنْثٰنَا اَللّٰھُمَّ مَنْ

وَ کَ بِیْ رِ نَا وَ ذَ کَ رِ نَا وَ اُنْ ثَا نَا اَلْ لَا ھُمْ مَ مَنْ

اَحْیَیْتَہٗ مِنَّا فَاَحْیِہٖ عَلَی الْاِسْلَامِ ط

اَحْ یَیْ تَ ہٗ مِنْ نَا فَ اَحْ یِ ہٖ عَ لَلْ اِسْ لَا مِ ط



https://ataunnabi.blogspot.com/
Click
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/







# وَمَنْ تَوَفَّيْتَهٗ مِنَّا فَتَوَفَّهٗ عَلَى

وَ مَنْ تَ وَفْ فَيْ تَ هٗ مِنْ نَا فَ تَ وَفْ فَ هٗ عَ لَلْ

# الْاِيْمَانِ ط اَللّٰهُ اَكْبَرُ ط

اِ ىْ مَا نِ ط اَ لْ لَا هُ اَكْ بَ رُ ط

## لڑکے کی میت کیلئے یہ دعا پڑھیں

# اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ لَنَا فَرَطًا وَّاجْعَلْهُ لَنَا

اَلْ لَا هُمْ مَجْ عَلْ هُ لَ نَا فَ رَ طَنْ وَجْ عَلْ هُ لَ نَا

# اَجْرًا وَّذُخْرًا وَّاجْعَلْهُ لَنَا شَافِعًا

اَجْ رَنْ وَ ذُخْ رَنْ وَجْ عَلْ هُ لَ نَا شَا فِ عَنْ

# وَّمُشَفَّعًا ط

وَ مُ شَفْ فَ عَا ط

## لڑکی کی میت کیلئے یہ دعا پڑھیں

# اَللّٰهُمَّ

اَ لْ لَا هُمْ مَ

# اجْعَلْهَا لَنَا فَرَطًا وَّاجْعَلْهَا لَنَا

مَجْ عَلْ هَا لَ نَا فَ رَ طَنْ وَجْ عَلْ هَا لَ نَا



Click
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

اَجْرًا وَّ ذُخْرًا وَّاجْعَلْهَا لَنَا شَافِعَةً

اَ جْ رَنْ وَ ذُ خْ رَنْ وَ جْ عَلْ هَا لَ نَا شَا فِ عَ تَنْ

وَّ مُشَفَّعَةً ط

وَ مُ شَفْ فَ عَهْ ط

درود شریف | اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی

اَلْ لَا هُمْ مَ صَلْ لِ عَ لَا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ

مُ حَمْ مَ دِنْ وَ عَ لَا اٰ لِ مُ حَمْ مَ دِمْ بِ عَ دَ دِ

كُلِّ ذَرَّةٍ مِّائَةَ اَلْفِ اَلْفِ مَرَّةٍ ط ۵

كُلْ لِ ذَرْ رَ تِمْ مِ ءَ ةَ اَلْ فِ اَلْ فِ مَرْ رَ ةٍ ط ۵

رِجَالٌ لَّا تُلْهِيْهِمْ تِجَارَةٌ وَّلَا بَيْعٌ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَاِقَامِ الصَّلٰوةِ وَاِيْتَاءِ الزَّكٰوةِ يَخَافُوْنَ يَوْمًا تَتَقَلَّبُ فِيْهِ الْقُلُوْبُ وَالْاَبْصَارُ ۝

حٰفِظُوْا عَلَى الصَّلَوٰتِ وَالصَّلٰوةِ الْوُسْطٰی وَقُوْمُوْا لِلّٰهِ قٰنِتِيْنَ ۝ قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ ○ الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ صَلَاتِهِمْ خٰشِعُوْنَ ۝ اِنَّ الصَّلٰوةَ تَنْهٰی عَنِ الْفَحْشَاءِ وَالْمُنْكَرِ

https://ataunnabi.blogspot.com/







# شش (۶) کلمے

## اوّل کلمہ طیّب

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ

لَآ اِلٰ هَ اِلّ لَلّ لٰ هُ مُ حَمّ مَ دُرّ

رَّسُوْلُ اللّٰهِ ؕ

رَ سُوْ لُلّ لَآ هِ ط

## دوم کلمہ شہادت

اَشْهَدُ

اَشْ هَ دُ

اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا

اَلّ لَآ اِلٰ هَ اِلّ لَلّ لٰ هُ وَحْ دَ هٗ لَا

شَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا

شَ رِیْ کَ لَ هٗ وَ اَشْ هَ دُ اَنْ نَ مُ حَمّ مَ دَنْ

عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ ؕ

عَبْ دُ هٗ وَ رَ سُوْ لُهٗ ط

## سوم کلمہ تمجید

سُبْحَانَ

سُبْ حَا نَلّ



Click
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



| | |
|---|---|
| اللهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا | |
| لْ هِ وَلْ حَمْ دُ لِلّ لْ هِ وَلَآ اِلْ ہَ اِلّ | |
| اللهُ وَاللهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَ | |
| لّ لْ هُ وَلّ لْ هُ اَكْ بَرْ وَ لَا حَوْ لَ وَ | |
| لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ | |
| لَا قُوْ وَ ةَ اِلّ لَا بِلّ لْ هِلْ عَ لِيّ يِلْ عَ ظِيْ مْ | |
| لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَحْدَهٗ | چہارم کلمہ توحید |
| لَا اِلْ ہَ اِلّ لَلّ لْ هُ وَحْ دَ هٗ | |
| لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ | |
| لَا شَ رِيْ كَ لَ هٗ لَ هُلْ مُلْ كُ وَ لَ | |
| الْحَمْدُ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ وَهُوَ | |
| هُلْ حَمْ دُ يُحْ يِيْ وَ يُ مِيْ تُ وَ هُ وَ | |







Click
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



رِجَالٌ لَّا تُلۡهِيۡهِمۡ تِجَارَةٌ وَّلَا بَيۡعٌ عَنۡ ذِكۡرِ اللّٰهِ وَاِقَامِ الصَّلٰوةِ وَاِيۡتَآءِ الزَّكٰوةِ يَخَافُوۡنَ يَوۡمًا تَتَقَلَّبُ فِيۡهِ الۡقُلُوۡبُ وَالۡاَبۡصَارُ

حٰفِظُوۡا عَلَى الصَّلَوٰتِ وَالصَّلٰوةِ الۡوُسۡطٰى وَقُوۡمُوۡا لِلّٰهِ قٰنِتِيۡنَ ۝ قَدۡ اَفۡلَحَ الۡمُؤۡمِنُوۡنَ ۝ الَّذِيۡنَ هُمۡ فِىۡ صَلَاتِهِمۡ خٰشِعُوۡنَ ۝ اِنَّ الصَّلٰوةَ تَنۡهٰى عَنِ الۡفَحۡشَآءِ وَالۡمُنۡكَرِ

حَيٌّ لَّا يَمُوۡتُ اَبَدًا اَبَدًا ؕ

حَیّ یُلّ لَا یَ مُوۡ تُ اَ بَ دً اَ بَ دَا ؕ

ذُو الۡجَلَالِ وَالۡاِكۡرَامِ ؕ

ذُلۡ جَ لَا لِ وَلۡ اِكۡ رَآمۡ ؕ

بِيَدِهِ الۡخَيۡرُ ؕ وَهُوَ عَلٰى

بِ یَ دِ هِلۡ خَیۡ رُ ؕ وَ هُ وَ عَ لٰ

كُلِّ شَیۡءٍ قَدِيۡرٌ ؕ

كُلّ لِ شَیۡ ءٍ قَ دِیۡ رُہۡ ؕ

پنجم کلمہ استغفار

اَسۡتَغۡفِرُ

اَسۡ تَغۡ فِ رُلّ

اللّٰهَ رَبِّىۡ مِنۡ كُلِّ ذَنۡۢبٍ

لَ هَ رَبّ بِیۡ مِنۡ كُلّ لِ ذَمۡ بِ

فَوَيۡلٌ لِّلۡمُصَلِّيۡنَ ۝ الَّذِيۡنَ هُمۡ عَنۡ صَلَاتِهِمۡ سَاهُوۡنَ ۝ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانۡحَرۡ

Click
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



اَذْنَبْتُهٗ عَمَدًا اَوْ خَطَاً سِرًّا اَوْ

اَذْ نَبْ تُ هٗ عَ مَ دً اَوْ خَ طَ ءً سِرْ رً اَوْ

عَلَانِيَةً وَّاَتُوْبُ اِلَيْهِ مِنَ الذَّنْبِ

عَ لَا نِ يَ تَنْ وَ اَ تُوْ بُ اِ لَيْ هِ مِ نَذْ ذَمْ بِلْ

الَّذِيْٓ اَعْلَمُ وَمِنَ الذَّنْبِ

لَ ذِيْ اَعْ لَ مُ وَ مِ نَذْ ذَمْ بِلْ

الَّذِيْ لَآ اَعْلَمُ اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ

لَ ذِيْ لَآ اَعْ لَ مُ اِنْ نَ كَ اَنْ تَ عَلْ لَا مُلْ

الْغُيُوْبِ وَسَتَّارُ الْعُيُوْبِ وَغَفَّارُ

غُ يُوْ بِ وَ سَتْ تَا رُلْ عُ يُوْ بِ وَ غَفْ فَا رُذْ

الذُّنُوْبِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ

ذُ نُوْ بِ وَ لَا حَوْ لَ وَ لَا قُوْ وَ ةَ





Click
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



# اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ؕ

اِلّ لَا بِلّ لَا هِلْ عَ لِيّ يِلْ عَ ظِيْ مِ ؕ

## ششم کلمہ ردِّ کفر

# اَللّٰهُمَّ اِنِّیْۤ اَعُوْذُبِكَ مِنْ

اَلْ لَا هُمْ مَ اِنْ نِیْۤ اَ عُوْ ذُ بِ كَ مِنْ

# اَنْ اُشْرِكَ بِكَ شَيْئًا وَّ اَنَا اَعْلَمُ بِهٖ

اَنْ اُشْ رِ كَ بِ كَ شَیْ ءَنْ وَّ اَ نَا اَعْ لَ مُ بِ هٖ

# وَاَسْتَغْفِرُكَ لِمَا لَاۤ اَعْلَمُ بِهٖ تُبْتُ

وَ اَسْ تَغْ فِ رُ كَ لِ مَا لَاۤ اَعْ لَ مُ بِ هٖ تُبْ تُ

# عَنْهُ وَتَبَرَّاْتُ مِنَ الْكُفْرِ وَالشِّرْكِ

عَنْ هُ وَ تَ بَرْ رَاْ تُ مِ نَلْ كُفْ رِ وَشْ شِرْ كِ

# وَالْكِذْبِ وَالْغِيْبَةِ وَالْبِدْعَةِ وَ

وَلْ كِذْ بِ وَلْ غِیْ بَ ةِ وَلْ بِدْ عَ ةِ وَنْ



Click
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

# النَّمِيْمَةِ وَالْفَوَاحِشِ وَالْبُهْتَانِ

نَ مِيْ مَ ةِ  وَلْ فَ وَا حِ شِ  وَلْ بُهْ تَا نِ

# وَالْمَعَاصِيْ كُلِّهَا وَاَسْلَمْتُ وَ

وَلْ مَ عَا صِيْ  كُلْ لِ هَا  وَ  اَسْ لَمْ تُ  وَ

# اَقُوْلُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

اَ قُوْ لُ  لَآ  اِ لٰ هَ  اِلْ لَلْ لَا هُ

# مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ط

مُ حَمْ مَ دُرْ  رَ سُوْ لُلْ لَا هِ  ط



https://ataunnabi.blogspot.com/
Click
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



# سُورہ حشر کی آخری تین آیات کے فوائد و برکات

ترمذی میں حضرت معقل بن یسار رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم نے فرمایا کہ جو صبح کے وقت تین مرتبہ اَعُوۡذُ بِاللّٰہِ السَّمِیۡعِ الۡعَلِیۡمِ مِنَ الشَّیۡطٰنِ الرَّجِیۡمِ○ اور اس کے بعد تین مرتبہ سورہ حشر کی آخری تین آیتیں ھُوَ اللّٰہُ الَّذِیۡ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ سے آخر سورت تک پڑھ لے تو اللہ تعالیٰ ستر ہزار فرشتے مقرّر فرما دیتے ہیں جو شام تک اس کے لئے رحمت کی دُعا کرتے رہتے ہیں۔ اگر اس دن وہ مرگیا تو شہادت کی موت حاصل ہوگی۔ اور جس نے شام کو یہی کلمات تین مرتبہ پڑھ لئے تو یہی درجہ اس کو حاصل ہوگا۔ (مظہری)

اَعُوۡذُ بِاللّٰہِ السَّمِیۡعِ الۡعَلِیۡمِ مِنَ الشَّیۡطٰنِ الرَّجِیۡمِ○

اَعُوۡذُ بِلۡ لٰ ھِسۡ سَ مِیۡ عِلۡ عَ لِیۡ مِ مِ نَشۡ شَیۡ طٰ نِرۡ رَ جِیۡ مۡ ○

## سُورہ حشر (اٹھائیسویں ۲۸ پارے) کی آخری تین آیات

ھُوَ اللّٰہُ الَّذِیۡ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ج

ھُ وَلۡ لَاٰ ھُلۡ لَ ذِیۡ لَاۤ اِلٰ ہَ اِلۡ لَا ھُوَ ج

عٰلِمُ الۡغَیۡبِ وَالشَّھَادَۃِ ج ھُوَ

عَ لِ مُلۡ غَیۡ بِ وَشۡ شَ ھَا دَ ۃِ ج ھُ وَرۡ



Click
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ ۝ هُوَ اللّٰهُ

رَحْ مٰ نُرْ رَ حِیْ مُ ۝ هُ وَلّ لٰ هُلّ

الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ج اَلْمَلِكُ

لَ ذِیْ لَآ اِلٰ هَ اِلّ لَا هُوْ ج اَلْ مَ لِ كُلْ

الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ

قُدْ دُوْ سُسْ سَ لٰ مُلْ مُؤْ مِ نُلْ

الْمُهَیْمِنُ الْعَزِیْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ط

مُ هَیْ مِ نُلْ عَ زِیْ زُلْ جَبْ بَا رُلْ مُ تَ كَبْ بِرُ ط

سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا یُشْرِكُوْنَ ۝

سُبْ حٰ نَلّ لٰ هِ عَمْ مَا یُشْ رِ كُوْ نَ ۝

هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ

هُ وَلّ لٰ هُلْ خَا لِ قُلْ بَا رِ ئُلْ مُ صَوْ وِ رُ



https://ataunnabi.blogspot.com/
Click
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ؕ يُسَبِّحُ لَهٗ

لَ هُلْ اَسْ مَآ ءُ حُسْ نٰ ؕ يُ سَبْ بِ حُ لَ هٗ

مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ

مَا فِسْ سَ مٰ وٰ تِ وَلْ اَرْ ضِ ۚ

وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝

وَ هُ وَلْ عَ زِىْ زُلْ حَ كِىْ مُ ۝





Click
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

# اپنی نماز کی ادائیگی کا طریقہ چیک کر لیجئے

نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِهِ الْكَرِيْمِ۔ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ۝ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝ الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ صَلَاتِهِمْ خَاشِعُوْنَ ۝ (ترجمہ: کامیاب ہوگئے وہ اہل ایمان جو اپنی نمازوں میں خشوع اختیار کرتے ہیں۔)

یہ سورہ مومنون کی پہلی دو آیات ہیں جن میں اللہ تعالیٰ نے اہلِ ایمان کی یہ صفت بیان فرمائی ہے کہ وہ اپنی نمازوں میں خشوع اختیار کرتے ہیں۔ اس کے بعد اہلِ ایمان کی چند دوسری صفات بیان فرمانے کے بعد آیت نمبر ۹ میں فرمایا کہ وہ جو اپنی نمازوں کی حفاظت کرنے والے ہیں۔

سورۂ معارج کی آیات نمبر ۱۹ تا ۳۵ میں بھی اہلِ ایمان کے کچھ اوصاف بیان فرمائے گئے ہیں۔ یہاں آیات نمبر ۱۹ تا ۲۳ میں فرمایا کہ انسان کم ہمت پیدا ہوا ہے۔ جب اسے تکلیف پہنچتی ہے تو جزع فزع کرنے لگتا ہے۔ اور جب اُسے خوشحالی نصیب ہوتی ہے تو بخل کرنے لگتا ہے۔ مگر وہ نمازی جو اپنی نمازوں میں برابر لگے رہتے ہیں۔ یہاں بھی سورہ مومنون کی طرح مومنین کی چند دوسری صفات کے بیان کے بعد آیت نمبر ۳۴ میں فرمایا کہ وہ اپنی نمازوں کی حفاظت کرتے ہیں۔

## مسلمان اور نماز لازم وملزوم ہیں

مندرجہ بالا دونوں مقامات کے مطالعہ سے یہ بات سامنے آتی ہے کہ نماز مومنین کی پہلی صفت کی حیثیت سے بھی بیان کیا گیا ہے اور آخری صفت کی حیثیت



Click
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



سے بھی۔ گویا ایک مسلمان کی زندگی کی ابتداء بھی نماز ہے۔ اور انتہا بھی نماز۔ نماز مسلمانوں کی زندگی کا سنگِ بنیاد بھی ہے اور اس کی بلند ترین منزل بھی۔ بلکہ یہ کہنا بھی غیر مناسب نہ ہوگا کہ نماز مسلمانوں کے شہرِ زندگی کی ایک ایسی فصیل ہے جس نے پُورے طور پر اس کی زندگی کا احاطہ کر رکھا ہے۔ سورہ مومنون میں جہاں لفظ "اَلْمُؤْمِنُوْنَ" استعمال ہُوا ہے وہاں سُورہ معارج میں "اَلْمُصَلِّیْنَ" استعمال کیا گیا ہے۔ اس طرح یہ بات سمجھائی گئی کہ مسلمان اور نماز لازم وملزوم ہیں۔ مزید یہ کہ نماز کی رُوح یعنی خشوع کی اہمیت اس طرح واضح کی گئی ہے کہ سب سے پہلے اس کا ذکر فرمایا گیا۔ لیکن ساتھ ہی یہ حقیقت بھی کھول دی گئی کہ اصل جان دوام اور محافظت ہے۔

اللہ تعالیٰ کے ان احکامات کی روشنی میں اگر ہم اپنے گردوپیش کا جائزہ لیں تو یہ تلخ حقیقت سامنے آتی ہے کہ مسلمانوں کی ایک واضح اکثریت نماز سے بالکل غافل ہے۔ اور جو لوگ نماز پڑھتے ہیں اُن کی نماز مطلوبہ خشوع سے خالی ہے۔ ظاہری آداب کا پُوری طرح خیال رکھنے والوں کی تعداد تو آٹے میں نمک کے برابر ہے۔

## نماز کی چوری سے بچیئے

اگر آپ کسی مسجد میں چند نمازیوں کو نماز پڑھتے ہوئے بغور اُن کی حرکات اور سکنات کا جائزہ لیں تو آپ یہ نوٹ کریں گے کہ کچھ نمازی رکوع کرتے ہوئے ۱۲۰ درجے کا زاویہ بنا رہے ہیں اور کچھ ۴۵ درجے کا۔ کچھ نمازی آپ ایسے بھی دیکھیں گے جو نیم سرکل بنا رہے ہوں گے یہ ساری صورتیں خلافِ سنت ہیں۔ رکوع کے بعد سجدہ میں جانے سے پہلے نماز میں ہمیں ایک مرتبہ سیدھے کھڑے ہوکر رَبَّنَا لَکَ الْحَمْدُ کے الفاظ کہنا ہوتے ہیں۔ اس عمل کو قومہ کہتے ہیں جو واجب ہے۔ آپ دیکھیں گے کہ یہاں بہت سے لوگ محض ایک جھٹکا دینے پر اکتفا کرتے



Click
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



ہیں۔ اِس سے نماز خراب ہوتی ہے۔ اِسی طرح دو سجدوں کے درمیان وقفہ کرنے کو جلسہ کہا جاتا ہے۔ یہ بھی نماز میں واجب ہے۔ اس جلسے کا بھی کئی نمازی خیال نہیں کرتے۔ جس پر حضور نبی کریم صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم نے سخت ناراضگی کا اظہار فرمایا ہے اور ایسا کرنے والوں کو نماز کا چور قرار دیا ہے۔ سجدہ میں جاتے ہوئے اکثر نمازی پہلے اپنے ہاتھ زمین پر رکھتے ہیں اور بعد میں گھٹنے۔ حالانکہ یہ طریقہ بھی خلافِ سُنّت ہے۔ کچھ نمازی جن میں بڑے پکّے نمازی بھی شامل ہیں آپ کو ایسے ملیں گے جو ایک رکعت مکمّل کرنے کے بعد دوسری رکعت کے لئے اُٹھتے ہوئے دونوں ہاتھوں سے اپنی قمیص ضرور درست کرتے ہیں۔ حالانکہ دونوں ہاتھوں سے کوئی کام کرنا عملِ کثیر کہلاتا ہے جس سے نماز ٹوٹ جاتی ہے۔

اگر آپ چند نمازیوں کو سجدہ کرتے ہوئے دیکھیں تو آپ کو یہ بھی معلوم ہوگا کہ بہت سے نمازی اپنے دونوں پاؤں زمین سے اُٹھا لیتے ہیں۔ حالانکہ ایسا کرنا مفسدِ نماز ہے۔

## اپنی حرکات وسکنات کنٹرول کیجئے

اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ اپنی نماز پُورے خشوع اور مکمّل ظاہری آداب سے ادا کریں تو آپ کو نماز ایک ضابطہ کے تحت ادا کرنا ہوگی۔ جس طرح فوجی پریڈ کرتے ہوئے اپنے جسم کے مختلف حصّوں کی حرکات کو کنٹرول کرتے ہیں، آپ کو نماز میں جسم کی حرکات کو کنٹرول کرنا ہوگا۔

ہاتھوں کی انگلیوں کو تین حالتوں میں رکھا جاتا ہے۔ ایک پوری طرح کھول کر دوسرے پوری طرح بند کرکے۔ اور تیسرے نہ پوری طرح کھول کر اور نہ پوری طرح بند کرکے یعنی درمیانی حالت میں۔ نماز میں تینوں حالتیں قائم کرنا ہوں گی۔ نماز کا ایک اہم اصول یہ ہے کہ سر سے پاؤں تک جسم کا ہر حصّہ ہر حال میں قبلہ شریف کی طرف



Click
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



متوجہ رہے۔ ہاتھوں اور پاؤں کی انگلیوں کو خاص طور پر قبلہ شریف کی طرف متوجہ رکھنا ہوگا۔ جب آپ سجدہ کر رہے ہوں تو آپ کے پاؤں کی پوری دس انگلیاں قبلہ شریف کی طرف رہیں۔ جب آپ قعدہ اُولیٰ یا قعدہ اُخریٰ میں بیٹھے ہوں تو ہاتھ اس طرح رکھیں کہ ان کا رُخ زمین کی طرف ہونے کی بجائے قبلہ شریف کی طرف رہے یہ اس طرح ممکن ہے کہ جب آپ اپنے ہاتھ زانوؤں پر رکھیں تو وہ گھٹنوں سے نیچے نہ جائیں۔

اب ہم نماز ادا کرنے کا مسنون طریقہ مختصراً بیان کرتے ہیں۔

## نماز سے پہلے اِن اُمور کی تسلّی کریں

نماز شروع کرنے سے پہلے مندرجہ ذیل اُمور کی تسلّی کریں۔ یہ سب اُمور فرض ہیں۔ انہیں شرائط نماز بھی کہا جاتا ہے۔

ا۔ یہ کہ آپ کا جسم ہر طرح کی نجاست سے پاک ہے اور آپ نے وضو کر لیا ہے

ب۔ یہ کہ آپ نے پاک صاف کپڑے پہن رکھے ہیں اور جسم کے ضروری حصے ڈھانپ لئے ہیں۔

ج۔ یہ کہ جس جگہ آپ نماز پڑھ رہے ہیں وہ پاک ہے۔

د۔ یہ کہ آپ کا رخ ٹھیک قبلہ شریف کی طرف ہے

ح۔ یہ کہ آپ جو نماز پڑھ رہے ہیں اس کا وقت بھی ہے۔

د۔ یہ کہ آپ نے نماز کی نیّت کر لی ہے۔ نیّت دِل سے کرنا فرض ہے اور زبان سے مستحب ہے۔

## قدموں کے درمیان چار انگشت کا فاصلہ رکھیے

نماز پڑھنے کے لئے قبلہ رُخ اس طرح کھڑے ہوں کہ آپ کے دونوں قدموں



Click
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



کے درمیان چار انگشت کا فاصلہ ہو۔ نماز میں کھڑے ہونا قیام کہلاتا ہے۔ جو کہ فرض ہے۔ کسی شرعی عذر کے بغیر بیٹھ کر نماز نہیں پڑھی جا سکتی۔ نفل نماز میں بیٹھ کر پڑھنے کی صرف اجازت ہے لیکن بہتر ہے کہ یہ بھی کھڑے ہو کر ادا کی جائے۔

## تکبیرِ اُولیٰ کا اہتمام کیجئے

نماز کے لئے پہلی تکبیر تکبیرِ اُولیٰ کہلاتی ہے۔ اسے ہم تکبیرِ تحریمہ بھی کہتے ہیں۔ اس لئے کہ اس تکبیر کے کہنے سے نماز شروع ہوتی ہے اور جو باتیں نماز کے خلاف ہیں وہ حرام ہو جاتی ہیں۔ تکبیرِ اُولیٰ نماز میں فرض ہے۔ کوشش کیجئے کہ آپ باجماعت نماز کی صورت میں امام صاحب کی اَللّٰہُ اَکْبَرُ کی (را) کے ساتھ اپنے الف کو ملا دیجئے۔ اس کا بہت اجر ہے۔ تکبیرِ اُولیٰ کے علاوہ نماز میں باقی سب تکبیریں تکبیراتِ انتقالی کہلاتی ہیں۔ اور وہ سُنّت ہیں۔

## تکبیرِ اُولیٰ کے دوران ہتھیلی کا رُخ قبلہ شریف کی طرف رکھیے

تکبیرِ اُولیٰ کہتے ہوئے اپنے ہاتھوں کی انگلیوں کو درمیانی حالت میں رکھیں۔ آپ کی انگلیاں نہ پوری طرح کھلی ہوں اور نہ ہی پوری طرح بند۔ آپ کی ہتھیلی کا رخ بھی قبلہ شریف کی طرف ہونا چاہیئے۔ دونوں ہاتھ کانوں تک اس طرح لے جائیں کہ انگوٹھے کانوں کی لَو کے برابر ہو جائیں۔ تکبیرِ تحریمہ کے لئے ہاتھوں کا اُٹھانا اور قبلہ رُخ کرنا سُنّت ہے۔ تکبیر کہتے وقت سر کو نہ جھکانا سُنّت ہے۔ اور آستینوں سے دونوں ہتھیلیاں نکال لینا مستحب ہے۔

## ہاتھ ناف کے نیچے باندھیئے

اللہ اکبر کہتے ہوئے ہاتھ نیچے لائیے اور ناف کے نیچے باندھیئے۔ نماز میں



Click
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



ہاتھ باندھنا سُنّت ہے۔ اور امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے مسلک کے مطابق مسنون طریقہ یہ ہے کہ دائیں ہاتھ کی ہتھیلی بائیں ہاتھ کی ہتھیلی کے ظاہر پر آجائے۔ انگوٹھے اور چھنگلی کا حلقہ بنائیں اور باقی تینوں انگلیاں ہتھیلی کے اختتام پر آجائیں۔

## ثنا

ہاتھ باندھ کر فوری طور پر ثنا یعنی سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ آہستہ پڑھیے۔ ثنا پڑھنا سُنّت ہے۔ فرض، واجب اور سُنّت مؤکّدہ نمازوں کی باقی تمام رکعتوں میں ثنا نہیں پڑھی جاتی۔ تاہم غیر مؤکّدہ سُنّتوں اور نفل نمازوں کی تیسری رکعت میں ثنا پڑھی جائے گی۔ اگر آپ باجماعت نماز ادا کر رہے ہوں تو پہلی رکعت میں صرف ایک صورت میں آپ ثنا پڑھیں گے جبکہ امام نے ابھی الحمد شریف پڑھنا نہ شروع کی ہو۔ الحمد شریف پڑھنا شروع کر دی ہو تو آپ ثنا نہیں پڑھیں گے۔

## باجماعت نماز میں تعوّذ اور تسمیّہ نہ پڑھیں

اگر آپ اکیلے نماز پڑھ رہے ہیں تو ثنا کے بعد تعوّذ اور تسمیّہ آہستہ آہستہ پڑھیں یہ دونوں سُنّت ہیں لیکن نماز باجماعت کی صورت میں تعوّذ اور تسمیّہ بالکل نہ پڑھیں امام صاحب بہرحال تعوّذ اور تسمیّہ آہستہ پڑھیں گے۔

## سُورہ فاتحہ ہر رکعت میں پڑھی جائیگی

تسمیّہ کے بعد الحمد شریف پڑھی جائے گی۔ اگر آپ باجماعت نماز پڑھ رہے ہوں تو مسلک حنفیہ کے مطابق فاتحہ صرف امام صاحب ہی پڑھیں گے اور مقتدی خاموشی سے سُنیں گے۔ لیکن اگر آپ انفرادی طور پر نماز پڑھ رہے ہوں تو آپ الحمد شریف بھی پڑھیں گے۔ الحمد شریف کا پڑھنا اور سننا واجب ہے۔ اور یہ ہر



Click
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



رکعت میں پڑھی جائے گی۔ پہلی دو رکعتوں میں فاتحہ پڑھنا واجب ہے اور آخری دو میں سُنّت۔

## آمین ضرور کہیئے

الحمد شریف میں ولا الضالین پڑھنے کے بعد آہستہ آمین ضرور کہیئے۔ آمین کہنا سُنّت ہے۔

**قرأت کن رکعتوں میں کی جائے گی** الحمد شریف کے بعد قرآنِ پاک کی تلاوت ہوگی جس کو قرأت کہتے ہیں۔ اس کی کم از کم مقدار تین ۳ چھوٹی آیتیں یا ایک بڑی آیت ہے۔ قرأت فرض نمازوں کی صرف پہلی دو رکعتوں میں ہوگی۔ باقی رکعتوں میں نہیں۔ تاہم سُنّت اور نفل نمازوں کی سب رکعتوں میں قرأت ہوگی

## رکوع میں ۹۰ درجے کا زاویہ بنائیے

قرأت کے بعد اللہ اکبر کہتے ہوئے رکوع میں جائیے۔ نماز میں رکوع فرض ہے۔ اس کے صحیح طریقے پر بہت کم لوگوں کا عمل ہے۔ امام اعظم امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے مسلک کے مطابق رکوع کے درمیان نمازی کی کمر پر اگر پانی کا پیالہ بھر کر رکھ دیا جائے تو وہ نہ چھلکے۔ یہ صرف اسی صورت میں ممکن ہے۔ اگر آپ اپنا سر اور پیٹھ ایک سیدھ میں کر دیں اور پورے ۹۰ درجے کا زاویہ بنائیں۔ ۹۰ درجے کا زاویہ صرف اسی صورت میں ممکن ہے جب بازوؤں پر پوری طرح دباؤ ڈالا جائے اور کسی قسم کی کوئی لچک نہ رہنے دی جائے رکوع میں کم از کم تین بار تسبیح رکوع سُبْحَانَ رَبِّیَ الْعَظِیْمِ پڑھیئے۔ یہ تسبیح تین بار پڑھنا سُنّت ہے۔ تین سے زائد مرتبہ طاق اعداد میں پڑھنا مستحب ہے۔

**یہاں ۱۸۰ درجے کا زاویہ بنائیے** رکوع کے بعد سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہٗ کہتے ہوئے کھڑے ہو جائیے اور چند سیکنڈ



Click
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

پورے اطمینان سے کھڑے رہیے۔ یہاں کھڑے ہونے کو قومہ کہتے ہیں اور اطمینان کو تعدیل۔ قومہ اور تعدیل نماز میں واجب ہیں اس قومہ کے دوران رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ ؕ کے الفاظ کہیے۔ اگر آپ اکیلے نماز پڑھ رہے ہیں تو سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ ؕ کے الفاظ آپ کہیں گے ورنہ نہیں۔ قومہ سے فراغت کے بعد اللہ اکبر کہتے ہوئے سجدہ میں جائیے سجدہ میں جاتے ہوئے سب سے پہلے گھٹنے زمین پر لگائیں۔ پھر ہاتھ۔ پھر ناک اور سب سے آخر میں پیشانی زمین پر رکھیں۔ دوران سجدہ دونوں ہاتھوں ناک اور پیشانی پر پوری طرح دباؤ ڈالیئے کہ وہ پوری طرح زمین پر لگ جائیں۔ اس دوران اس بات کا بھی اطمینان کیجئے کہ آپ کے دونوں پاؤں کی پوری دس انگلیاں قبلہ شریف کی طرف مڑ جائیں۔ ہاتھوں کی انگلیاں پوری طرح آپس میں ملی ہوں۔ اور کہنیاں پیٹ سے الگ ہوں۔ نماز میں سجدہ فرض ہے۔ سجدہ میں کم از کم تین بار تسبیح سُبْحَانَ رَبِّيَ الْاَعْلٰى پڑھیئے۔ یہ تسبیح تین بار پڑھنا سُنّت ہے۔ تین سے زائد مرتبہ طاق اعداد میں پڑھنا مستحب ہے۔

## دو سجدوں کے درمیان آرام ضرور کیجئے

سجدہ سے اس طرح اُٹھیے کہ سب سے پہلے پیشانی زمین سے جُدا ہو۔ پھر ناک اور پھر ہاتھ۔ اب اطمینان سے دایاں قدم اس طرح کھڑا کریں کہ اس کی انگلیاں قبلہ رُخ رہیں۔ اور بایاں قدم اس طرح بچھائیں کہ خوب سیدھا ہو جائے۔ بیٹھ جائیں اور آرام کریں۔ اس آرام یعنی اطمینان کو تعدیل اور دونوں سجدوں کے درمیان بیٹھنے کو جلسہ کہتے ہیں۔ جلسہ اور تعدیل دونوں واجب ہیں اس لئے چند سیکنڈ یہاں ضرور رکیئے اس کے بعد دوسرا سجدہ کریں۔ دوسرا سجدہ بھی فرض ہے اور اس کی تسبیح سُنّت۔

دوسرے سجدے کے بعد ہماری ایک رکعت مکمل ہو جائے گی۔ اب اللہ اکبر

https://ataunnabi.blogspot.com/



کہتے ہوئے دوسری رکعت کے لئے اُٹھئے۔ یہ تکبیر کہنا سنّت ہے۔

## زمین پر ہاتھ رکھ کر مت اُٹھئے

ہمارا یہ اُٹھنا بھی سُنّت کے مطابق ہونا چاہیے۔ سُنّت طریقہ یہ ہے کہ ہم اپنے گھٹنوں پر ہاتھ رکھ کر دباؤ ڈالتے ہوئے اُٹھیں۔ زمین پر ہاتھ رکھ کر اُٹھنا خلافِ سنّت ہے۔

## اپنی قمیص درست نہ کیجئے

عام طور پر دیکھا گیا ہے کہ جب نمازی ایک رکعت کے بعد دوسری رکعت کے لئے اُٹھتے ہیں تو وہ دونوں ہاتھوں سے اپنی قمیص وغیرہ ضرور درست کرتے ہیں۔ یہ بات نہ صرف خلافِ سُنّت ہے بلکہ نماز کو توڑنے کے مترادف ہے۔ کیونکہ دونوں ہاتھوں سے جو کام کیا جائے اسے عملِ کثیر کہتے ہیں جو کہ مفسد نماز ہے۔

دوسری رکعت میں ہم بسم اللہ پڑھیں گے۔ فاتحہ پڑھیں گے اور پہلی رکعت کی طرح قرأت کریں گے۔ اور اسی طرح ہم دوسری رکعت بھی مکمل کریں گے۔ دوسری رکعت کے بعد ہم قعدہ کے لئے بیٹھ جائیں گے۔ قعدہ کے لئے بیٹھتے وقت دایاں پاؤں کھڑا رکھیں اور بائیں پاؤں کو اس طرح بچھا دیں کہ انگلیوں کے سر قبلہ کی طرف رہیں یہاں اس بات کا بھی اہتمام کریں کہ آپ کے دونوں ہاتھوں کی انگلیاں رانوں پر اس طرح رہیں کہ وہ نہ پوری طرح ملی ہوئی ہوں اور نہ کھلی ہوئی۔ یعنی درمیانی حالت میں۔ اور اُن کا رُخ زمین کی طرف جھکنے کی بجائے قبلہ شریف کی طرف متوجہ رہے۔ اگر آپ چار رکعت پڑھنا چاہتے ہیں تو یہ قعدہ اُولیٰ ہوگا۔ دو رکعتوں کی صورت میں یہ قعدہ اُخریٰ ہوگا۔ قعدہ اُولیٰ واجب ہے اور قعدہ اُخریٰ بمقدار تشہد فرض۔

قعدہ اُولیٰ کی صورت میں آپ صرف تشہد پڑھیں گے یعنی عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ تک۔ اور تیسری رکعت کے لئے اُٹھ جائیں گے۔ تیسری رکعت کے لئے اُٹھتے ہوئے



Click
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



اپنے رانوں پر دباؤ ڈال کر اُٹھئے۔ زمین پر ہاتھ رکھ کر اُٹھنا خلافِ سُنّت ہے۔ یہاں یہ بات دوبارہ نوٹ کیجئے کہ آپ تیسری رکعت کے لئے اُٹھتے وقت اپنی قمیص وغیرہ کو درست نہیں کریں گے۔

اگر آپ فرض نماز پڑھ رہے ہوں تو تیسری اور چوتھی رکعت میں صرف تسمیہ اور الحمد شریف پڑھیں گے۔ سُنّتِ مؤکدہ کی صورت میں الحمد شریف کے بعد قرأت بھی پڑھی جائے گی۔ یاد رہے کہ نفلوں اور سُنّتِ غیر مؤکدہ کی تیسری رکعت سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ سے شروع کی جائے گی اور قعدہ اُولیٰ میں تشہد، درود شریف اور دُعا بھی پڑھی جائے گی۔

قعدہ اُخریٰ میں تشہد کے بعد درود شریف اور دُعا بھی پڑھیے۔ قعدہ اُخریٰ میں تشہد کی مقدار بیٹھنا فرض ہے۔ درود شریف اور دُعا پڑھنا سُنّت ہے۔ اسکے بعد سلام پھیرئیے۔ سلام پھیرنا واجب ہے سلام پھیرتے وقت "السّلام" کا لفظ کہنا واجب اور "علیکم" کا لفظ کہنا سُنّت ہے۔ پہلے دائیں طرف اور پھر بائیں طرف سلام پھیرنا سُنّت ہے۔ سلام پھیرتے وقت اہتمام کیجئے کہ آپ کی نگاہ آپ کے شانوں تک محدود رہے۔ اس طرح سلام پھیرنا مستحب ہے۔

## یہ کام ہرگز نہ کیجئے

دورانِ نماز مندرجہ ذیل کام ہرگز نہ کیجئے۔ اِن سے نماز ٹوٹ جاتی ہے۔ انہیں مفسداتِ نماز بھی کہتے ہیں۔

۱۔ نماز میں کلام کرنا۔ چاہے قصدًا ہو یا بھول کر۔ تھوڑا ہو یا بہت۔ ہر صورت میں نماز ٹوٹ جاتی ہے۔

۲۔ سلام کرنا یعنی کسی شخص کو سلام کرنے کے ارادے سے سلام یا تسلیم یا السلامُ علیکم یا اس جیسا کوئی لفظ کہہ دینا۔



Click
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



۳- سلام کا جواب دینا یا چھینکنے والے کو یرحمکم اللہ یا نماز سے باہر والے کسی شخص کی دعا پر آمین کہنا۔

۴- کسی بُری خبر پر اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیۡہِ رَاجِعُوۡنَ ط کہنا یا کسی اچھی خبر پر الحمد للہ کہنا۔ یا کسی عجیب خبر پر سبحان اللہ کہنا۔

۵- درد یا رنج کی وجہ سے آہ یا اوہ یا اُف کرنا۔

۶- اپنے امام کے سوا کسی دوسرے کو لقمہ دینا یعنی قرأت بتانا۔

۷- قُرآن شریف دیکھ کر پڑھنا۔

۸- قُرآن مجید پڑھنے میں کوئی سخت غلطی کرنا۔ جس سے معنیٰ قُرآن بدل جائیں۔

۹- عملِ کثیر کرنا یعنی کوئی ایسا کام کرنا جس سے دیکھنے والے یہ سمجھیں کہ یہ شخص نماز نہیں پڑھ رہا ہے۔

۱۰- کھانا پینا قصدًا یا بھولے سے۔

۱۱- دو صفوں کی مقدار کے برابر چلنا۔

۱۲- قبلہ شریف کی طرف سے بلاعذر سینہ پھیر لینا۔

۱۳- ناپاک جگہ پر سجدہ کرنا۔

۱۴- ستر کھل جانے کی حالت میں ایک رکن کی مقدار ستر کھلے رہنا۔

۱۵- درود شریف کے بعد کی دُعا میں ایسی چیز مانگنا جو آدمیوں سے مانگی جاتی ہے۔

۱۶- درد یا مصیبت کی وجہ سے اس طرح رونا کہ حروف ظاہر ہو جائیں۔

۱۷- بالغ آدمی کا نماز میں قہقہہ مار کر یا آواز سے ہنسنا۔

۱۸- امام سے آگے بڑھ جانا وغیرہا۔

## اِن کاموں سے پرہیز کیجئے

دورانِ نماز مندرجہ ذیل کاموں سے پرہیز کیجئے۔ ان سے نماز خراب ہوتی ہے۔



Click
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



انہیں مکروہات نماز کہتے ہیں۔

۱- کپڑے کو لٹکانا مثلاً چادر سر پر ڈال کر دونوں کنارے بغیر پیچ دیئے لٹکا دینا یا اچکن یا چوغہ بغیر اس کے کہ آستینوں میں ہاتھ ڈالے جائیں۔ مونڈھوں پر ڈال لینا۔ اسے سدلِ ثوب کہتے ہیں۔

۲- کپڑوں کو مٹی سے بچانے کے لئے ہاتھ سے روکنا یا سمیٹنا اسے کفِ ثوب کہتے ہیں۔

۳- اپنے کپڑوں یا بدن سے کھیلنا۔

۴- معمولی اور بہت زیادہ میلے کپڑوں میں جنہیں پہن کر مجمع میں جانا پسند نہیں کیا جاتا نماز پڑھنا۔

۵- منہ میں روپیہ یا پیسہ یا اور کوئی ایسی چیز رکھ کر نماز پڑھنا جس کی وجہ سے قرأت کرنے میں مشکل ہو۔ اور اگر قرأت سے مجبوری ہو جائے تو بالکل نماز نہ ہوگی۔

۶- سستی اور لاپرواہی کی وجہ سے ننگے سر نماز پڑھنا۔

۷- پاخانہ یا پیشاب کی حاجت ہونے کی حالت میں نماز پڑھنا۔

۸- بالوں کو سر پر جمع کرکے چٹیا باندھنا۔

۹- کنکریوں کو ہٹانا لیکن اگر سجدہ کرنا مشکل ہو تو ایک مرتبہ ہٹانے میں کوئی حرج نہیں۔

۱۰- انگلیاں چٹخانا یا ایک ہاتھ کی انگلیاں دوسرے ہاتھ کی انگلیوں میں ڈالنا

۱۱- کمر یا کوکھ یا کولہے پر ہاتھ رکھنا۔

۱۲- قبلہ شریف کی طرف سے منہ پھیر کر یا صرف نگاہ سے اِدھر اُدھر دیکھنا۔

۱۳- کتے کیطرح بیٹھنا یعنی رانیں کھڑی کرکے بیٹھنا اور رانوں کو پیٹ سے اور گھٹنوں کو سینوں سے ملا لینا اور ہاتھوں کو زمین پر رکھ لینا۔



Click
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/



۱۴- سجدے میں دونوں کلائیوں کو زمین پر بچھا دینا مرد کے لئے مکروہ ہے تاہم عورت کے لئے ایسا کرنا سُنّت ہے۔

۱۵- کسی ایسے آدمی کیطرف نماز پڑھنا جو نمازی کی طرف منہ کئے ہوئے بیٹھا ہو۔

۱۶- ہاتھ یا سر کے اشارے سے سلام کا جواب دینا۔

۱۷- بلا عذر چار زانو (آلتی پالتی مار کر) بیٹھنا۔

۱۸- قصداً جمائی لینا یا روک سکنے کی حالت میں نہ روکنا۔

۱۹- آنکھوں کو بند کرنا لیکن اگر نماز میں دل لگانے کے لئے بند کرے تو مکروہ نہیں

۲۰- اکیلے امام کا ایک ہاتھ بھر اونچی جگہ پر کھڑا ہونا اور باقی سب مقتدیوں کا نیچے کھڑا ہونا اگر اس کے ساتھ کچھ مقتدی بھی ہوں تو مکروہ نہیں۔

۲۱- ایسی صف کے پیچھے اکیلے کھڑے ہونا جس میں جگہ خالی ہو۔

۲۲- کسی جاندار کی تصویر والے کپڑے پہن کر نماز پڑھنا۔

۲۳- ایسی جگہ نماز پڑھنا کہ نمازی کے سر کے اوپر یا اس کے سامنے یا دائیں بائیں یا سجدے کی جگہ تصویر ہو۔

۲۴- آیتیں یا سورتیں یا تسبیحیں انگلیوں پر شمار کرنا۔

۲۵- چادر یا اور کوئی کپڑا اس طرح لپیٹ کر نماز پڑھنا کہ جلدی سے ہاتھ نہ نکل سکیں۔

۲۶- نماز میں انگڑائی لینا یعنی سستی اتارنا۔

۲۷- پگڑی وغیرہ کے پیچ پر سجدہ کرنا۔

۲۸- سُنّت کے خلاف نماز میں کوئی کام کرنا۔



Click
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

Click
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

# چالیس (۴۰) روزہ قاری کورس کے بارے میں اکابرین کی رائے

(۱) وقت کے اہم تقاضوں کے پیشِ نظر اور احباب کے پرزور اصرار پر قاری محمد مشتاق نے چالیس روزہ قاری کورس کو ترتیب دے کر قرآنِ مجید کی درس وتدریس کو آسان بنانے کی سعیٔ جمیلہ کی ہے۔

(سید محمد صابر حسین چشتی صابری)

(۲) لوگ قرآنِ پاک کی تعلیم کیلئے اتنا وقت نہیں نکال سکتے جتنا پہلے نکال لیا جاتا تھا۔ اسلئے اس امر کی اشد ضرورت تھی کہ تعلیم القرآن کا کوئی ایسا طریقہ تجویز کیا جائے جو سہل بھی ہو اور مختصر بھی۔ اس سلسلہ میں ایک مفید قدم مصنف قاعدہ یسرنا القرآن حضرت قاری محمد اسماعیل افضل مرحوم نے اُٹھایا تھا اور دوسرا قدم اُن کے ہونہار تلمیذ ارشد قاری محمد مشتاق صاحب نے چالیس روزہ قاری کورس مرتب کر کے اُٹھایا ہے۔

(پیر محمد کرم شاہ)

(۳) قاری محمد مشتاق صاحب نے اپنے طویل تعلیمی تجربے کے پیشِ نظر ایک جامع کتاب "چالیس روزہ قاری کورس" مرتب کی ہے۔ تعلیم القرآن کے اساتذہ اور تلامذہ کے لئے نہایت مفید اور وافر معلومات افزاء ہے۔ جس کی مدد سے قرآن حکیم کو صحیح پڑھنا اور پڑھانا نہایت آسان کر دیا ہے۔

(مفتی محمد حسین صاحب نعیمی)

(۴) اس بات میں قطعاً مبالغہ نہیں کہ اگر کوئی شخص اس کتاب کو سمجھ کر خود پڑھ لے گا وہ اس کے بعد خود بغیر استاذ کی مدد کے قرآنِ حکیم پڑھنا شروع کر دیگا۔ (مولانا عبدالرحمٰن)

(۵) چالیس روزہ قاری کورس "کتاب" یا جس سنٹر میں یہ کلاس جاری ہو اس میں شمولیت دورِ حاضرہ میں غنیمت ہے۔

(قاری غلام رسول)

(۶) جو طریقہ قاری محمد اسماعیل افضل صاحب استعمال کرتے تھے اس کا مکمل بیان زیرِ نظر کتاب میں موجود ہے۔ اور میں باور کرتا ہوں کہ جو اس کتاب کو سمجھ لے گا وہ چالیس روز میں قرآن پڑھانے کے قابل ہو جائے گا۔ (جسٹس بدیع الزمان کیکاؤس)

(۷) قاری محمد مشتاق صاحب نے ایک کتاب چالیس روزہ قاری کورس تصنیف فرمائی اور بڑی محنت سے تیار کی ہے۔ میرا خیال ہے کہ اگر کوئی اُردو دان بڑے غور سے اس کتاب کو پڑھے تو قرآنِ مجید کا پڑھنا اس کے لئے آسان ہو جائے گا۔

(حافظ محمد صاحب گوندلوی)

(۸) نہ صرف یہ کہ یہ کتاب ناظرہ قرآنِ حکیم پڑھنے والوں کے لئے مفید ہے بلکہ جن لوگوں نے قرآنِ حکیم پڑھ بھی لیا ہو یہ کتاب اُن کے لئے بھی لاتعداد فوائد اپنے اندر رکھتی ہے۔ (ڈاکٹر امان اللہ خاں)

(۹) عزیزم قاری محمد مشتاق صاحب جن کو اللہ تعالیٰ نے فطرت سلیمہ سے نوازا ہے نے قرآن پاک کی تعلیم کو آسان بنانے کے لئے جس محنت شاقہ سے زیرِ نظر کتاب "چالیس روزہ قاری کورس" ترتیب دی ہے میں ان کی اس محنت کو سلام کرتا ہوں اور اہل اسلام کیلئے اس کے نافع ہونے کی دُعا بھی۔

(صاحبزادہ محمد حبیب اللہ نعیمی)

(۱۰) یہ کتاب تسہیل تیسیر تعلیم القرآن کے موضوع پر اپنی مثال آپ ہے۔

(قاری خوشی محمدؒ)

نسخۂ تحریر کردہ بہرِ قوم
آنکہ خواندہ مے شود در چہل یوم
بشیر حسین ناظم

اگر آپ قرآن کریم پڑھنا نہیں جانتے تو چالیس روزہ قاری کورس کا مطالعہ فرمائیں۔

Click
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

# چالیس (۴۰) روزہ قاری کورس کے بارے میں اخبارات کی رائے

خوبصورت ٹائیٹل کی حامل یہ کتاب قاری محمد اسماعیل افضل مرحوم کے شاگردِ رشید قاری محمد مشتاق نے تحریر کی ہے۔ قاری محمد اسماعیل افضل کی شخصیت محتاجِ تعارف نہیں انھوں نے قاعدہ لیسرنا القرآن لکھ کر اور چالیس روزہ قاری کورس جاری کر کے دین اور مسلمانوں کی جو خدمت کی اس سے برصغیر کے اسلامی حلقے بخوبی آگاہ ہیں۔ زیرِ تبصرہ کتاب درا صل انہی کے وضع کردہ چالیس (۴۰) روزہ قاری کورس کی تحریری شکل ہے۔ کوئی بھی اردو پڑھا لکھا شخص اس کورس کے ذریعہ خود ہی ناظرہ تلاوت قرآن صحت کے ساتھ کر سکتا ہے مؤلف نے اپنے تجربات اور مشاہدات سے اس کورس کو اور بھی مؤثر بنا دیا ہے۔ یہ کتاب نہ صرف ناظرہ قرآنِ مجید پڑھنے والوں طلباء کے لئے ہی نہیں بلکہ ان لوگوں کے لئے بھی مفید ہے جو پہلے ہی قرآن کریم پڑھ چکے ہیں۔ بلاشبہ قاری محمد مشتاق صاحب نے اپنے ہم وطنوں کی اور قرآن حکیم کی بڑی خدمت

عطا ذ

زیرِ تبصرہ کتاب جیسا کہ نام سے ظاہر ہے۔ اس مقصد کے لئے مرتب کی گئی ہے کہ مسلمانوں کو قرآن حکیم پڑھنے میں جو دشواریاں پیش آتی ہیں انہیں دور کیا جائے تاکہ اس میں آسانی پیدا کی جائے۔

اس کتاب کے مصنف ماہر تعلیم القرآن اور قاعدہ لیسرنا القرآن کے مصنف قاری محمد اسماعیل افضل کے شاگرد ہیں اور یہ کتاب نہ صرف ناظرہ قرآنِ حکیم سیکھنے والوں کے لئے مفید ہے بلکہ جن لوگوں نے قرآنِ حکیم سیکھ بھی لیا ہے بسلسلۂ تدریس ان کے لئے ان گنت معلومات کا مجموعہ ہے۔ کتاب آسان زبان میں لکھی گئی ہے۔ اور تدریس القرآن کے میدان میں ایک گراں قدر اضافہ ہے۔

روزنامہ مشرق لاہور
۱۳/ اپریل ۱۹۷۸ء

---

شامل
اُصو
قاری
لیسرنا
تلامذ
کورس
جہاں
وضا

...... زندگی میں وقت کی کمی ہر شخص
اس نایابی نے لوگوں میں حصولِ
لئے ضرورت اس بات کی
یہ ایسا طریقہ اختیار کیا جائے
ستفید ہو سکیں۔ وقت کی
شتاق نے چالیس (۴۰) روزہ
لیل عرصے میں ایک شخص

ن سے ترتیل و تجوید کے قواعد
ہیں کہ بڑی آسانی سے ذہن
سے ہر قاری استفادہ حاصل
در ہو سکتا ہے۔

ہ جنگ کراچی
۱۹۷۸ء

Click
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

| | | پہلی رکعت | [illegible] |
|---|---|---|---|
| ۱ | تکبیرِ تحریمہ کہنا | ● | |
| ۲ | ثنا یعنی سُبحانَکَ اللّٰھُمَّ پڑھنا | ● | |
| ۳ | تعوّذ یعنی اَعُوذُ بِاللّٰہِ پڑھنا | ● | |
| ۴ | تسمیہ یعنی بِسمِ اللّٰہِ پڑھنا | ● | ● |
| ۵ | سُورۃ فاتحہ یعنی الحمد شریف پڑھنا | ● | ● |
| ۶ | وَلَا الضَّآلِّیْن کے بعد آمین کہنا | ● | ● |
| ۷ | سُورۃ ملانا (ایک بڑی آیت یا تین چھوٹی آیتیں) | ● | ● |
| ۸ | رکوع کے لیے تکبیر اَللّٰہُ اَکبَر کہنا | ● | ● |
| ۹ | رکوع میں تین بار تسبیح (سُبحَانَ رَبِّیَ العَظِیم) پڑھنا | ● | ● |
| ۱۰ | سَمِعَ اللّٰہُ لِمَن حَمِدَہٗ کہتے ہوئے اُٹھنا | ● | ● |
| ۱۱ | قومہ میں تحمید یعنی رَبَّنَا لَکَ الحَمدُ کہنا | ● | ● |
| ۱۲ | سجدہ میں جانے کے لیے تکبیر اَللّٰہُ اَکبَر کہنا | ● | ● |
| ۱۳ | سجدوں میں تین بار تسبیح (سُبحَانَ رَبِّیَ الاَعلٰی) پڑھنا | ● | ● |
| ۱۴ | سجدے سے اُٹھنے [illegible] میں جانے کیلئے تکبیر اَللّٰہُ اَکبَر کہنا | [illegible] | [illegible] |
| ۱۵ | تشہد (التحیات) پڑھنا | [illegible] | [illegible] |
| ۱۶ | [illegible] پڑھنا | [illegible] | [illegible] |
| ۱۷ | دُعا پڑھنا | [illegible] | [illegible] |
| ۱۸ | [illegible] | [illegible] | [illegible] |
| ۱۹ | [illegible] علیکم ورحمۃ اللّٰہ کے الفاظ کہنا | [illegible] | [illegible] |
| ۲۰ | [illegible] | [illegible] | [illegible] |

https://ataunnabi.blogspot.com/
Click
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

https://ataunnabi.blogspot.com/

| | | پہلی رکعت |
|---|---|---|
| ۱ | تکبیر تحریمہ کہنا | |
| ۲ | ثنا یعنی سُبْحَانَکَ اللّٰھُمَّ پڑھنا | |
| ۳ | تعوذ یعنی اَعُوْذُ بِاللّٰہِ پڑھنا | |
| ۴ | تسمیہ یعنی بِسْمِ اللّٰہِ پڑھنا | |
| ۵ | سورۃ فاتحہ یعنی الحمد شریف پڑھنا | |
| ۶ | وَلَا الضَّآلِّیْنَ کے بعد آمین کہنا | |
| ۷ | سورۃ ملانا (ایک بڑی آیت یا تین چھوٹی آیتیں) | |
| ۸ | رکوع کے لیے تکبیر اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہنا | |
| ۹ | رکوع میں تین بار تسبیح (سُبْحَانَ رَبِّیَ الْعَظِیْمِ) پڑھنا | |
| ۱۰ | سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہٗ کہتے ہوئے اٹھنا | |
| ۱۱ | قومہ میں تحمید یعنی رَبَّنَا لَکَ الْحَمْدُ کہنا | |
| ۱۲ | سجدہ میں جانے کے لیے تکبیر اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہنا | |
| ۱۳ | سجدوں میں تین بار تسبیح (سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی) پڑھنا | |
| ۱۴ | سجدے سے اٹھنے اگلی رکعت میں جانے کیلئے تکبیر اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہنا | |
| ۱۵ | تشہد (التحیات) پڑھنا | |
| ۱۶ | [illegible] پڑھنا | |
| ۱۷ | دعا پڑھنا | |
| ۱۸ | [illegible] | |
| ۱۹ | [illegible] علیکم ورحمۃ اللہ کے الفاظ کہنا | |
| ۲۰ | وتر میں [illegible] | |

Click
https://archive.org/details/@zohaibhasanattari